# ڈاکٹر نور اسلام میڈیکل کمپلیکس اینڈ ہیلتھ کیئر فاؤنڈیشن

کوٹ / مزدور آباد روڈ، تخت بھائی، مردان

**نیلامی حوالہ نمبر: 1001**

# اشتہار برائے فروخت بذریعہ مہر بند بولی

## استعمال شدہ طبی، برقی، لکڑی اور لوہے کے اثاثہ جات

ادارہ درج ذیل استعمال شدہ اثاثہ جات کی فروخت کے لیے خواہش مند افراد، اداروں اور اہل خریداروں سے مہر بند بولیاں طلب کرتا ہے۔ ہر شے کی حتمی تعداد، لاٹ نمبر، حالت اور دستیاب لوازمات تفصیلی بولی فہرست اور موقع پر معائنہ کے مطابق ہوں گے۔

## فروخت کے لیے پیش کردہ سامان

### طبی و لیبارٹری آلات

Mythic 18 ہیماٹولوجی اینالائزر، Rayto، Finecare FS-112، Maysun MS-500EA اور پرانی بایوکیمسٹری مشین، RT-9700، سینٹری فیوجز، مائیکروسکوپس، الٹراساؤنڈ، Schiller ECG، 100mA نان ڈیجیٹل ایکسرے مشین اور متعلقہ ویونگ سامان۔

### برقی، شمسی و عمومی سامان

سولر انورٹرز، UPS، بیٹری بینک، جنریٹر، ایئر کنڈیشنر، پرنٹر، امتحانی بیڈز، کاؤچز، کرسیاں اور دیگر زائد از ضرورت فرنیچر و آلات۔

### اصل دیار کی لکڑی کا کام

رپورٹ کے مطابق اصل دیار کے بڑے اور چھوٹے دروازے، کھڑکیاں، چوکھٹیں، الماریاں اور صرف وہ لکڑی کا سامان جو حتمی طور پر زائد از ضرورت قرار دیا جائے۔

### لوہے کے گیٹ، گرلز و ریلنگ

ہیوی گیج اسٹیل کا مرکزی گیٹ، 2 چھوٹے گیٹ، پہلی و دوسری منزل کی حفاظتی گرلز / ریلنگ اور دیگر قابلِ استعمال دھاتی فکسچر۔

## اہم شرائط و طریقۂ بولی

- تمام اشیاء موجودہ حالت میں "جوں ہے، جہاں ہے" کی بنیاد پر فروخت ہوں گی۔ خریدار بولی سے پہلے خود معائنہ اور فنی جانچ کر کے مکمل اطمینان کرے۔
- مہر بند لفافے میں پورا نام، شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر، متعلقہ لاٹ نمبر اور واضح پیش کردہ رقم درج ہو۔ لفافے پر "استعمال شدہ اثاثہ جات کی مہر بند بولی" لکھا جائے۔
- 100mA نان ڈیجیٹل ایکسرے مشین کی فروخت، منتقلی اور حوالگی PNRA اور دیگر متعلقہ قانونی و حفاظتی تقاضوں اور مطلوبہ اجازت ناموں کی تکمیل سے مشروط ہوگی۔
- نصب شدہ دروازوں، کھڑکیوں، الماریوں، گیٹس، گرلز اور ریلنگ کی اتارائی، لوڈنگ اور منتقلی خریدار کے خرچ و ذمہ داری پر، ادارے کی تحریری اجازت اور محفوظ متبادل انتظام کے بعد ہوگی۔
- ادارہ کسی بھی یا تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کرنے، کسی لاٹ کو واپس لینے، تقسیم یا یکجا کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ سب سے زیادہ بولی خودکار طور پر قابلِ قبول نہیں ہوگی۔
- کامیاب بولی دہندہ مکمل ادائیگی اور تحریری اجازت کے بعد مقررہ مدت میں سامان اٹھائے گا؛ عمارت یا دیگر املاک کو پہنچنے والے نقصان کا ذمہ دار خریدار ہوگا۔

## معائنہ، فیس اور بولی جمع کرانے کا شیڈول

**معائنہ کا دورانیہ:**
**29-08-2026** سے **11-09-2026** تک
اوقاتِ معائنہ: صبح 8:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک

**بولی جمع کرانے کی آخری تاریخ:** **11-09-2026**
اس تاریخ کے اختتام کے بعد مزید بولیاں وصول نہیں کی جائیں گی۔
بولی فارم/جمع کرانے کی فیس: PKR 300 (ناقابلِ واپسی)
زرِ ضمانت: پیش کردہ بولی کی رقم کا 5% (قابلِ واپسی)

**بولی دہندہ کی جانب سے پُر کیا جائے** — **Auction Ref: 1001 | Bid Ref: 1001-_____**

| | |
|---|---|
| نام: ____________ | سامان / آئٹم / LOT کا نام: ____________ |
| CNIC: ____________ | LOT نمبر: ____________ |
| رابطہ نمبر: ____________ | پیش کردہ بولی رقم (روپے): ____________ |


## رابطہ

**0333-9894892 | 0336-9565736**

dnimc.healthcare@gmail.com